# ماڈل پیپر مسیحی تعلیم (لازمی) برائے جماعت گیارھویں

**کل نمبر:50** **وقت:2 گھنٹے**

**سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں درست جواب کا انتخاب کریں۔** **(10=10×1)**

i. لفظ اقنوم کے معانی ہیں:

(الف) الٰہی ماہیت (ب) ماہر

(ج) الٰہیت (د) الہام

ii. کلامِ مقدس کے مطابق پس تم جا کر سب قوموں کو بناؤ:

(الف) طالب علم (ب) شاگرد

(ج) ہم آہنگ (د) دوست

iii. کس رُومی بادشاہ نے مردم شماری کا حکم دیا؟

(الف) ہیرودیس (ب) قیصر آگسٹس

(ج) ہیرودیس عظیم (د) پینطوس پلاطوس

iv. کس معجزے میں خُداوند یسوع مسیح نے گناہوں کو معاف کرنے کا اختیار ظاہر کیا؟

(الف) پانی پر چلنا (ب) قانائے گلیل

(ج) پانچ ہزار کو کھانا کھلانا (د) مفلوج آدمی کو شفا دینا

v. خوشی اور قناعت ایک گہرا اور دیرپا _____ ہے۔

(الف) اکٹھ (ب) پھل

(ج) سمجھ (د) احساس

vi. رومیوں 10:12 کے مطابق برادرانہ محبت سے ایک دوسرے کو _____ کرو۔

(الف) معاف (ب) روشن

(ج) محبت (د) پیار

vii. کلامِ مقدس کو کن دو اہم ترین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(الف) زبُور اور اَمثال (ب) شریعت اور انبیا

(ج) عہدِ عتیق اور عہدِ جدید (د) اناجیل اور خطوط

viii. کلامِ مقدس کا مستقل پیغام کس چیز کے گرد گھومتا ہے؟

(الف) خُدا کی محبت، انصاف، اور نجات کا منصوبہ (ب) تاریخی واقعات

(ج) ثقافتی روایات (د) فلسفیانہ نظریات

ix. رُومی معاشرے میں اشرافیہ کی سوچ کیسی تھی؟

(الف) برادرانہ (ب) پدرانہ

(ج) مادرانہ (د) اُصول پسندانہ

x. رُومی دور میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زُبانیں تھیں:

(الف) لاطینی اور یونانی (ب) یونانی اور عبرانی

(ج) لاطینی اور آرامی (د) عبرانی اور آرامی

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے تین سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** (6=3×2)

i. پاک تثلیث کی کوئی ایک علامت بیان کریں۔

ii. نقایہ کی پہلی مجلس کا نتیجہ بیان کریں۔

iii. یسعیاہ / اشعیا نبی کی پیش گوئی بیان کریں۔

iv. مردم شماری کب اور کیوں کی گئی؟

v. ”مہربانی“ کا عمل کیوں ضروری ہے؟

vi. گتسمنی میں یسوع مسیح کی دُعا کیا اہمیت ہے؟

**سوال نمبر3:۔ درج ذیل میں سے تین سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** (6 = 3 × 2)

i. روزمرہ زندگی میں اَمن کی اہمیت بیان کریں۔

ii. عزت اور احترام کی اہمیت بیان کریں۔

iii. مسیحی اخلاقیات ایمان داری کو بنیاد قدر کیوں سمجھا جاتا ہے؟

iv. مقدس استیفانس کون تھے؟

v. مقدس استیفانس کی شہادت کیسے ہوئی؟

vi. علامہ پال ارنسٹ نے ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

**سوال نمبر4:۔ درج ذیل میں سے چار سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** (8 =4 × 2)

i. کلامِ مقدس خُدا کے منصوبے کو سمجھنے میں کس طرح مدد کرتا ہے؟

ii. کلامِ مقدس کو سچائی کا قابلِ اعتماد ذریعہ کیوں سمجھا جاتا ہے؟

iii. کلامِ مقدس کو کتابوں کا مجموعہ کیوں سمجھا جاتا ہے؟

iv. یروشلم نے ابتدائی مسیحی تحریک میں کیا کردار ادا کیا؟

v. رُومی معاشرے نے رسولی بشارت کو کیسے متاثر کیا؟

vi. خداوند یسوع مسیح کے شاگردوں نے کس طرح ابتدائی کلیسیا کی رہ نمائی فرمائی؟

vii. دورِ حاضر کی کلیسیاؤں کو کون سی مشکلات کا سامنا ہے؟

viii. عہد نامۂ عتیق کی کوئی سی تین کتابوں کے نام لکھیں۔

## (حصہ سوم)

**سوال نمبر5:۔ درج ذیل میں سے ایک آیت کی سیاق وسباق کے حوالے سے تشریح کریں۔** **(6=1×6)**

i. ”پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو۔“

ii. ”کیونکہ خُدا نے دُنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔“

**سوال نمبر6:۔ درج ذیل میں کوئی سی ایک شخصیت پر نوٹ لکھیں۔** **(6=1×6)**

1) مقدس استیفانس شہید

2) ڈاکٹر فرینک خیر اللہ

**سوال نمبر7:۔ درج ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب تفصیل سے دیں۔** **(8=2×4)**

i. مسیحی عقیدے میں پاک تثلیث کے بھید کی اہمیت بیان کریں۔

ii. عملی زندگی میں روح القدس کے پھلوں کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔

iii. ڈاکٹر فرینک کی تعلیمی خدمات پر نوٹ لکھیں۔

iv. رسولوں نے بشارتی پیغام کو پھیلانے کے لیے مشکلات کا سامنا کیسے کیا؟